


ہومیو پیتھک
فوری علاج
کتب خانہ
طبیب
ہومیو پیتھک ڈاکٹر
سید اولاد حسنین نقوی
مکتبہ دانیال

بسم اللہ تعالیٰ وعلیٰ الا علیٰ

ہومیوپیتھی فوری علاج

ترتیب وتزئین

ہومیوپیتھک ڈاکٹر

پروفیسر سید اولادِ حسنین نقوی


ایم اے۔ ایم بی ایچ ایس۔ آر ایچ ایم پی

باہتمام

مکتبہ دانیال

غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون: 042-7660736, 0333-4276640


محمد ابوبکر صدیق
نے
ندیم یونس پرنٹرز، لاہور سے چھپوا کر
مکتبہ دانیال
سے شائع کی۔
خوبصورت اور معیاری مطبوعات
ہماری پہچان
مکتبہ دانیال
غزنی سٹریٹ
اردو بازار
لاہور
0333,4276640
Email,maktabahdaneyal@hotmail.com
قیمت -/60 روپے

یا معین　　　　　　　　　　یا نعیم

حضرت وارث چراغ خاندان پنجتن (س ع)

یادگار پنجتن نام و نشان پنجتن (س ع)

نذر عقیدت

بحضور سرکار حضرت سید وارث پاک نور اللہ ضریحہ

حاجی سید وارث علی شاہ دیوہ شریف

یہ وہ درویش بزرگ ہیں جن کے اسم گرامی سے 10 سال کی عمر میں میرے کان آشنا ہوئے اور 2003ء میں حضرت کے تعارف کا شرف اپنے بزرگوار محسن گرامی و سرپرست کے ذریعے ہو رہا ہے۔

ہر اہل کمال لیکے آیا ہے کمال
بیدمؔ آیا ہے بے کمالی لے کر

حضرت بیدمؔ شاہ وارثیؒ

❁

انتساب

برصغیر پاک و ہند کے تمام ہومیو پیتھک ڈاکٹروں کے نام
خاص طور پر!

لاہور
1- ڈاکٹر سید الطاف حسین
2- ڈاکٹر محمد مسعود قریشی
3- ڈاکٹر ایم اے سعید
4- ڈاکٹر ایف ایم افضل


کراچی
5- ڈاکٹر عبدالمعید حمید
6- ڈاکٹر فضل الرشید

بھارت
7- ڈاکٹر فرخ جمشید ماسٹر
8- ڈاکٹر ٹی پی چیٹر جی
9- ڈاکٹر ایس کے بینر جیا
10- ڈاکٹر پی ایس کامتھان
11- ڈاکٹر کے این ماتھر
12- ڈاکٹر بھشمبر داس
13- ڈاکٹر کے ڈی کنوڈیا

ہومیو ڈاکٹر محمد سلیم صاحب کا ممنون ہوں جنہوں نے پروف ریڈنگ میں شفقت سے نوازا!

ہومیو ڈاکٹر سید اوا د حسنین نقوی

فہرست مضامین



تعارف مصنف و کتاب ہذا

ڈاکٹر کے ڈی کنوڈیا لائق تحسین ہیں کہ انہوں نے ہومیو پیتھی کو ایک فزیکل سائنس بنانے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ آپ تقریباً 10 اہم ترین کتابوں کے مصنف ہیں۔ آپ کی ہر کتاب ایک نئے انداز میں تحریر کی گئی ہے اور ہر کتاب کو Mathematical (حسابی) بنا دیا گیا ہے۔ معروف معالجین طالب علم اور عام تعلیم یافتہ طبقہ کو طویل بحثوں میں الجھایا نہیں گیا۔ دو اور دو چار کے طریقے سے ہومیو پیتھی کو آسان سے آسان تر بنانے میں اہم پیش رفت کی گئی ہے۔

قبل ازیں شیخ ابوبکر صدیق صاحب آپ کی خدمت میں ان کی دو کتابوں کے ترجمے پیش کر چکے ہیں اب ان کی کتاب .Quick Prescriber in Homeopathy کے اس ترجمہ کا شرف حاصل کیا جا رہا ہے۔ انتہائی کم مواد انتہائی جامع' کوزے میں سمندر بند ہے۔ عوام کی صحت کے مسائل کا اتنا آسان اور سستا حل اور فوری نتائج کے حامل نسخہ جات' اتنی زیادہ بیماریوں کا آسان علاج کہ عام آدمی کے صحت کے بجٹ میں 90 فیصد سے زیادہ کمی۔ یقیناً اردو دان طبقہ کے لئے یہ ترجمہ ایک نعمت ثابت ہو گا۔ انشاء اللہ العزیز!

اردو ترجمہ کا نام ''ہومیو پیتھی......فوری علاج'' اس لئے رکھا گیا ہے کہ یہ غلط تاثر جو سازش کے تحت پھیلایا گیا ہے کہ ہومیو پیتھی دیر سے اثر کرتی ہے' کو دور کیا جائے۔

معالجات کے علاوہ اس میں درس اخلاق بابت صحت کے سلسلہ میں بھی بنیادی اشارات کا اضافہ کیا گیا ہے جن کی اہمیت علاج سے کم نہیں۔ ہومیو پیتھی کے بارے میں بھی اہم اشارات درج ہیں۔

اس تعارف کے علاوہ تمام مواد ڈاکٹر کے ڈی کنوڈیا کی تحریر کا ترجمہ ہے۔ مترجم کی طرف سے اضافہ قوسین میں ہے اور لفظ مترجم وہاں درج ہے۔ لہذا حسب معمول میری ذمہ داری اردو ترجمہ تک محدود ہے۔ اس میں جہاں اصلاح کی گنجائش محسوس ہو شکریہ کے ساتھ قبول کی جائے گی اور آئندہ ایڈیشن میں اس کا تدارک کر دیا جائے گا۔ اس ترجمہ میں ترتیب و تزئین اصل انگریزی کتاب سے ذرا مختلف ہے جسے تصرف نہیں بلکہ نظم ترتیب کہنا بہتر ہوگا۔ آخر میں ان کی دو کتابوں کے اہم اقتباسات کو ضمیمہ جات کے طور پر دے دیا گیا ہے۔

طالب دعاء

ہومیو پیتھک ڈاکٹر پروفیسر اولاد حسنین نقوی

ایم اے۔ ایم بی ایچ ایس۔ آر ایچ ایم پی

دیباچہ

ہومیوپیتھی کی ایجاد ایک بے ضرر طریقہ علاج کے طور پر ہوئی۔ اس کی دواؤں کے مابعد برے اثرات نہیں ہوتے۔ اس میں یہ صلاحیت ہے کہ پُرسکون انداز میں شفا حقیقی کے عمل کو پایۂ تکمیل تک پہنچائے۔

اس سائنس کو مخالفتوں کے طوفان میں متعارف کرایا گیا۔ بعدازاں دنیا کے نامور مشاہیرفن نے جانفشانی سے خزائن الادویہ میں تحقیق کے بہت سے راستے کھول دیئے جو مستقبل میں آنے والی نسلوں کے لئے بھی خدمت کی اعلیٰ مثال قائم کرتے رہیں گے۔

یہ سب کچھ گزشتہ 180 سالوں میں ہوا جبکہ ماضی قریب کا دور تحقیق و ترقی اس سفر میں معیار اور رفتار کو برقرار نہ رکھ سکا۔

ہمارے مشاہیر کو اس صورت حال کا مکمل ادراک تھا اسی لئے ڈاکٹر ایم ایل ٹائلر نے کہا تھا:

''سائنس علم ہے' کسی خاص دن تک سائنس کی ترقی حتمی علم نہیں ہوسکتی کیونکہ آنے والا کل اسے پیچھے دھکیل سکتا ہے۔''

ہم نے کئی جہتوں سے اس علم کو آگے نہیں بڑھایا اور اب تو سائنس اپنے مقصد کو چھوڑ چکی ہے حتیٰ کہ اپنے عقیدہ وعمل میں تفاوت واقع ہو چکا ہے۔

ہم نے صرف ایک سبق یاد رکھا ہے کہ علامات ہمارا ''خزانہ'' ہیں مزید برآں جو علامات اکٹھی ہو کر مختلف مجموعوں کی صورت میں وجود میں آئیں انہیں حرف آخر کا درجہ حاصل ہے۔ ہم نے موجد ہومیوپیتھی کے نقوش قدم کی پیروی کی مگر کھلے ذہن سے نہیں اور اس پہلو کی نشاندہی ہماری محترم ڈاکٹر ایم ایل ٹائلر نے کردی جب انہوں نے کہا: ''ہم میں سے کتنے ہومیوپیتھک معالج آج کے دور میں ہانیمن کے ''میٹریا میڈیکا پیورا'' کا مطالعہ کرتے ہیں۔'' اس اہم پہلو کے پیش نظر ان کے الفاظ بہت معنی خیز ہیں کیونکہ انہوں نے ''ڈرودسرا'' کے بارے میں ''میٹریا میڈیکا پیورا'' سے کچھ بہت ہی اہم معلومات حاصل کیں جو ڈاکٹر نیش' ڈاکٹر کینٹ' ڈاکٹر فرنگٹن' ڈاکٹر کلارک اور اسی قبیل کے جغادری قسم کے مشاہیر کی عقابی نظریں بھی تلاش نہ کرسکیں۔

لہٰذا ذہنی فراست موجودہ زمانہ کی اہم ضرورت ہے۔ ہمیں اپنے بحر بے کراں لٹریچر کا مطالعہ اس نیت سے نہیں کرنا چاہئے کہ ہر کام پہلے سے تکمیل کی منزل طے کر چکا ہے۔ اس میں شک کی ہرگز گنجائش نہیں کہ ہمارے مشاہیر کا کام جامع اور بہت زیادہ ہے۔ پھر بھی ان کی مہیا کردہ معلومات پر نظرثانی کی

ضرورت موجود رہتی ہے اور ان کی ترتیب نو موجودہ حالات کے پیش نظر درکار ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ ہمارے محترم بزرگ دو دوائیوں کو بدل بدل کر دینے میں بھی ہچکچاتے تھے اور ایسا کرتے ہوئے احساس جرم کے بارگراں میں مبتلا تھے اور اب اس کے برعکس ہمیں مکسچروں کی بھرمار نظر آتی ہے یعنی بہت سی ادویہ کو ملانا اور بلا جھجک انہیں ہومیو پیتھک قرار دینا اور ہومیو پیتھی کے نام پر مریضوں کو دینا' واحد دوا کا منفرد فلسفہ اور بیمار انسان مکمل طور پر بھلا دیئے گئے ہیں۔

میرا مقصد معمول کی ان باتوں پر ضخیم و طویل تحریر نہیں ہے۔ میری ان تمام کاوشوں کو میرے مقاصد اور عزائم کی پشت پناہی حاصل ہے جو حسب ذیل ہیں:

...... ان وجوہات کو نمایاں طور پر پیش کرنا جن کی بنا پر ہم اپنی متعین راہ سے ہٹ گئے۔

...... ان گوشوں کو منظر عام پر لانا جو کہ پہلے سے متعین ہیں مگر اب اوجھل ہیں اور ان کی نمود کے لئے کچھ نہیں کیا گیا۔

...... ہومیو پیتھی کی سادگی تلاش کرنا جو علامات کے جالے میں الجھی ہوئی نہ ہو اور ہر قسم کے بُرے اثرات سے پاک ہو۔

...... مختلف ابہام جو علامات دوا کی طاقت' تعلقات اور خطرات کے بارے میں اب تک وسیع پیمانے پر چلے آ رہے ہیں' کو دور کرنا۔

موجودہ کاوش بھی اسی سمت میں ایک قدم ہے۔ امید واثق ہے کہ قارئین میری ان کوششوں سے مستفید ہوں گے اور عوام الناس اپنی روزمرہ زندگی میں اسے مفید پائیں گے۔

ڈاکٹر کے ڈی کنوڈیا

بچوں کے لئے حفظ ماتقدم ادویات:

- کن پیڑے (Mumps) پیروٹائی ڈینم 30 'بیلاڈونا 30 'پائیلوکارپینم 3x 'فائی ٹولیکا 30-200
- خناق: ڈفتھریئنم 3x-30 'چینی نم آرسی کوسم 30-200
- تنگی تنفس زکام' دونوں پھیپھڑے جام: گلیسرین 200
- کالی کھانسی: پرٹسن ф

مقصد تحریر

ہومیو پیتھک سائنس کے تین پہلو اُجاگر کرنا:

-1 محبت بھرا سادگی کا پہلو جو سب کے لئے مسرت افزاء اور نشاط انگیز ہے۔

-2 سائنسی اور اضافی پہلو جو زندگی کا گہرا مطالعہ کرتا ہے اور جسمانی کے علاوہ تخلیقی اور جذباتی احساسات سے مزین ہے۔

-3 سمندر جیسا گہرا اور وسیع و گھمبیر پہلو جس کے عدم اعتدال سے خوف و ہراس کی وحشت جنم لیتی ہے لیکن سکون و اعتدال انتہائی کیف انگیز ہوتا ہے۔ یہی وہ نہج ہے جو مریض کو موت کے شکنجے سے نجات دیتی ہے اور ان حالات میں جب ہر لحہ اذیت ناک ہوتا ہے' سکون مہیا کرتی ہے۔

مندرجہ بالا تینوں پہلو زندگی کے تین مدارج کی نمائندگی کرتے ہیں:

..... بچپن' زندگی کے تمام تفکرات اور جھمیلوں سے بے پروا۔

..... جوانی مستانی جب انسان جذبات کی رو میں بہتا ہے۔

..... بڑھاپا جس میں سکون و آرام کی ایک لامتناہی پیاس برقرار رہتی ہے۔

موجودہ تحریر میں خاص طور پر پہلے حصے کو اہمیت دی گئی ہے جبکہ دوسرے اور تیسرے پہلو کے خدوخال بھی نظر آئیں گے۔

خالص ہی سب کچھ ہے

◄ آلودگی سے مبرا ایک جسم' ہر دم تازہ' جذباتی طور پر ایک معتدل انسان جس میں زندگی کی رمق پائی جائے۔ ذہنی طور پر صحت مند انسان جو کامیاب زندگی کی بلندی پر ہو۔ خودغرضی اس کے قریب سے نہ گزری ہو۔ قرب خداوندی اور اس کی رحمت کی علامت ہو۔

✧ فٹ نوٹس: معالجاتی اور طبی معلومات جن کے سامنے بریکٹ میں (حسنین) تحریر ہے وہ ذاتی نوٹس ہیں اور درس اخلاق کے جملے محترم واصف علی واصف کے ہیں۔

فہرست ادویہ

Aconite	30	ایکونائٹ	-1
Arsenic	30	آرسینیکم البم	-2
Arnica	30	آرنیکا	-3
Abrotanum	30	ابراٹینم	-4
Arg. nit	30	ارجنٹم نائٹریکم	-5
Acid Fluor	30	ایسڈ فلور	-6
Apis mel	1000	ایپس	-7
Acid sulph	30	ایسڈ سلف	-8
Allium cepa	30	ایلم سیپا	-9
Antim crud	30	انٹم کروڈ	-10
Ammon carb	30	امونیم کارب	-11
Acid nitric	30	نائٹرک ایسڈ	-12
Anacardium	30	اناکارڈیم	-13
Belladonna	30	بیلاڈونا	-14
Bismuth	30	بسمتھ	-15
Bryonia	30	برائیونیا	-16
Baptisia	30	بپٹیشیا	-17
Baryta mur	30	برائٹا میور	-18
Baryta carb	200	برائٹا کارب	-19
Bacillinum	30	بیسی لینم	-20
Berberis vul	Q	بربرس ولگرس	-21
Berberis acq	Q	بربرس اکیفولیم	-22
Borax	30	بوریکس	-23
Bellis	30	بیلس	-24

-25	کیموميلا	30	Chamomilla
-26	کاربوویج	30	Carbo veg
-27	چائنا	30	China
-28	کینتھرس	200	Cantharis
-29	کالوسنتھ	3x	Colocynth
-30	کریٹگس	Q	Crataegus
-31	کونیم	30	Conium
-32	کیوپرم مٹ	30	Cuprum met
-33	کروٹن ٹگ لیم	30	Croton
-34	کیکٹس گرینڈ	6	Cactus
-35	کاسٹیکم	30	Causticum
-36	کلکیریا فاس	30	Calc phos
-37	کلکیریا کارب	1000	Calc carb
-38	سائنا	30	Cina
-39	کالوفائیلم	30	Caulophylum
-40	سمی سی فیوگا	30	Cimicifuga
-41	کلکیریا فلور	30	Calc fluor
-42	ڈائیسکوریا	6	Dioscorea
-43	ڈیجی ٹیلس	30	Digitalis
-44	ڈلکامارا	30	Dulcamara
-45	ڈروسرا	30	Drosera
-46	یوفریزیا	30	Euphrasia
-47	یوپیٹوریم پرف	30	Eupat. perf
-48	گلونائین	30	Glonoine
-49	جلسی میم	30	Gelsemium
-50	گریفائیٹس	30	Graphitis

Hypericum	1000	ہائی پیریکم	-51
Hepar sulph	30	ہیپر سلف	-52
Hyoscyamus	30	ہائیوسایمس	-53
Ipecac	30	اپیکاک	-54
Ignitia	30	اگنیشیا	-55
Irs v	30	آئرس ورسیکلر	-56
Iodium	30	آئیوڈیم	-57
Kali bich	30	کالی بائیک	-58
Kali mur	30	کالی میور	-59
Kali brom	30	کالی بروم	-60
Lac defl	30	لیک ڈی فلور	-61
Lycopodium	C.M.	لائیکوپوڈیم	-62
Lobelia inf	30	لوبیلا انف	-63
Merc cor	30	مرکیورس کار	-64
Mag phos	1000	مگنیشیا فاس	-65
Myristica	30	مائی رسٹیکا	-66
Nat sulph	30	نیٹرم سلف	-67
Nux vom	3x	نکس وامیکا	-68
Nat phos	6	نیٹرم فاس	-69
Nat mur	30	نیٹرم میور	-70
Podophyllum	30	پوڈوفائیلم	-71
Pulsatilla	30	پلساٹیلا	-72
Phytolacca	30	فائی ٹولیکا	-73
Paeonia	6	پی اونیا	-74
Rhus tox	30	رسٹاکس	-75
Ruta	30	روٹا	-76

Ratanhia	6	رٹہنیا	-77
Syzygium	Q	سائزیجیم	-78
Sabal serulata	Q	سیبل سیرولاٹا	-79
Spongia	30	سپونجیا	-80
Silicea	30	سلیشیا	-81
Sanguinaria	30	سینگونیریا	-82
Sulph	30	سلفر	-83
Staph	30	سٹافی سیگریا	-84
Sepia	30	سیپیا	-85
Sabina	30	سبائنا	-86
Symphytum	30	سمفائٹم	-87
Trillium	Q	ٹریلیم	-88
Thuja	30	تھوجا	-89
Ustilago	200	اسٹی لیگو	-90
Uran. nit	3x	یورینیم نائٹریٹ	-91
Verat alb	30	وریٹرم البم	-92
Viburnum op	Q	وائی برنم اوپلس	-93

مفید نتائج کے لئے تجاویز

- ہومیوپیتھی میں مجربات نام کی کسی چیز کا کوئی وجود نہیں البتہ کچھ کیفیات اور عوارض کے لئے یقیناً مجربات کے قریب قریب بہت کچھ ہے۔اس مجموعہ کی یہی اساس ہے۔
- مریض کو دوا سے آدھ گھنٹے پہلے اور بعد کوئی غذا نہ لینا چاہئے۔
- دوا کی تین یا چار گولیاں زبان پر رکھ کر چوس لی جائیں۔
- غذا میں تلی ہوئی اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔
- دوا کو گرمی دھوپ اور خوشبو بدبو سے بچائیں۔
- مدر ٹنکچر دوائیاں عموماً پانچ قطرے کی خوراک ایک کپ تازہ پانی میں ڈال کر لینا چاہئے۔
- ہائی پیریکم Hypericumϕ مدر ٹنکچر کٹی ہوئی زخمی جلد پر بیرونی طور پر لگایا جا سکتا ہے جس کے لئے ϕ کے 10 قطرے ایک کپ پانی میں ڈال کر اس میں روئی کا ٹکڑا بھگو کر نچوڑ لیں یا کپڑے کا ٹکڑا اور اسے زخم پر رکھ دیں۔
- اپنی معلومات میں اضافہ کے لئے مزید مطالعہ جاری رکھیں۔ (کتاب کے آخر میں اس کے بارے میں رہنمائی موجود ہے۔مترجم)

(یہ کتاب خاص طور پر عوام الناس کے لئے ہے۔مترجم)

(رابطہ کے لئے صفحہ 8)

ہومیوپیتھی میں کینسر ٹیسٹ:

Biopsy تکلیف دہ اور مہنگا ٹیسٹ ہے۔ہومیوپیتھک دوا کھانے سے ہر فرد اپنا ٹیسٹ خود کر سکتا ہے۔انتہائی آسان اور سستا ترین۔یہ دوا صرف ایک مرتبہ دو دفعہ کھانے سے کینسر کی تشخیص ہو جاتی ہے اور بطور حفظ ماتقدم مہینے میں ایک دفعہ لینا کافی ہے۔

فہرست عوارض

بچے (Children):

-1	اینٹھن	Cramps
-2	بخار	Fever
-3	اسہال	Diarrhoea
-4	کھانسی	Cough
-5	خسرہ	Measles
-6	کالی کھانسی	Whooping Cough
-7	گلسوئے، کن پیڑے	Mumps
-8	ورم لوزتین	Tonsilitis
-9	گلے کے غدود بڑھنا	Adenoids
-10	مچھر کاٹنا	Mosquito bite
-11	بونا، پستہ قد	Dwarf (Stunted growth)
-12	چھاتی کے عوارض	Chest trouble
-13	کیڑے	Worms
-14	سردرد (سکول والے بچوں کا)	Headache (school boys and girls)
-15	مشت زنی	Masturbation
-16	سوکھاپن	Marasmus

خواتین (Female):

-1	سیلان الرحم	Leucorrhoea
-2	حیض زیادہ آنا	Profuse menses
-3	حیض کم آنا	Scanty menses
-4	حیض کی بے قاعدگی	Irregular menses
-5	حیض درد سے آئے	Painful menses

6-	پیشاب بار بار آئے نئی شادی شدہ خواتین میں	Frequent urine in newly married woman

دوران حمل (Pregnancy):

1-	متلی	Nausea
2-	ٹانگیں درد	Legs ache
3-	پیڑو کا درد	Pain-pelvis
4-	جھوٹی دردیں	False-pains
5-	اسقاط حمل	Abortion

زچگی کے بعد (After Delivery):

1-	پرسوت کا بخار	Fever, infectious
2-	پستانوں کا دودھ	Milk breast
3-	دودھ کم آئے	Scanty flow milk
4-	پستان سے دودھ گرتا رہے	Milk drops from breast

سن یاس (Menopause):

1-	سر درد	Headache
2-	کمر درد	Lumbago

ہنگامی کیفیات (Emergencies):

1-	زخم	Injuries
2-	دانت نکلوانا	Tooth extraction
3-	ہڈی ٹوٹنا	Fracture
4-	ہڈی اتر جائے	Dislocation
5-	ہڈی جڑنا	Union-bones (to expedite)
6-	انگلیاں کچلی جائیں	Smashed-finger
7-	رگڑیں	Sprains

-8	کٹے ہوئے زخم	Cut-wounds
-9	آپریشن کے ٹانکوں میں درد یں	Pains after operation (stitches)
-10	آپریشن کے بعد ہچکی	Hiccough after operation
-11	آپریشن کے بعد پیٹ میں گیس	Gas after operation
-12	آپریشن کے بعد آنکھ میں درد	Eyes pain after operation

ناگہانی عوارض(Other emergencies):

-1	جل جانا	Burns
-2	دھڑام سے گرنا	Collapse
-3	دل کے عوارض	Heart trouble
-4	شدید گیس	Acute gas
-5	حاد دمہ	Acute asthma
-6	کمزور نبض	Feeble pulse
-7	قولنج	Colic
-8	پتہ کی پتھری کا درد	Gall stone colic
-9	گردے کی پتھری اور درد	Kidney stone colic
-10	حاد پیچش	Acute dysentery
-11	قے	Vomits
-12	پتلے دست	Loose stools
-13	قے اور اسہال	Vomits and loose stool
-14	متلی	Nausea
-15	آنکھ دکھنا	Eye sore

عام بیماریاں(General Ailments):

سر (Head)

-1	بال گرنا	Dandruff

Baldness	گنجاپن	-2
Sick head	پریشان کن سر درد	-3
Menopause	سن یاس	-4
Anaemic	خون کی کمی	-5
	آنکھیں (Eyes)	←
Inflame	سوزش	-1
Stye	گوہانجنی	-2
Strain	بوجھ دباؤ	-3
	ناک (Nose)	←
Coryza	زکام	-1
Sinus	ناک بند	-2
Nose stuff	ناک میں الجھن	-3
	کان (Ear)	←
Wax	مواد	-1
Pain	درد	-2
Pus	پیپ	-3
	ہونٹ (Lips)	←
Crack	پھٹے ہوئے	-1
Corners crack	کونے کٹے ہوئے	-2
	چہرہ (Face)	←
Acne	دانے	-1
Warts	مسے	-2
	منہ (Mouth)	←
Aphthae	چھالے	-1
Gums Swollen	مسوڑھے متورم	-2
	گلا (Throat)	←

-1	آواز بیٹھ جانا	Voice loss
-2	ورم	Inflames

۷ گردن (Neck)

-1	مہرے	Cervical
-2	اکڑاہٹ	Stiff

چھاتی (Chest):

-1	کھانسی	Cough
-2	پسلی کا درد نمونیہ	Pleurisy and Pneumonia

معدہ اور انتڑیاں (Stomach & Intestines):

-1	تیزابیت	Acidity
-2	گیس	Gas
-3	پیچش	Dysentery
-4	آئیس کریم سے اسہال	Diarrhoea from ice cream

پیشاب (Urine):

-1	شکر	Sugar
-2	جلن	Burning
-3	پراسٹیٹ غدود	Prostate

جنسیات (Sex):

-1	نامردی	Impotency
-2	مشت زنی	Masturbation

جوڑوں اور پٹھوں کا درد (Joint & Nerve Pains):

-1	گھٹنا	Knee
-2	لنگڑی کا درد	Sciatica

-3	کمردرد	Lumbago

بلڈ پریشر (Blood Pressure):

-1	بلند	High
-2	کم	Low

بخار (Fever):

-1	فلو	Flu
-2	مسلسل	Continued
-3	گلامتورم	Throat infection
-4	ملیریا	Malaria
-5	شدیددرد	With much aching
-6	اچانک (بچوں میں)	Sudden
-7	اچانک ٹھنڈ سے	Sudden by cold

مقعد (Anus):

-1	بواسیر	Piles
-2	کٹاؤ زخم	Fissure
-3	کانچ باہر نکلنا	Prolapsus

دورے (Fits):

-1	مرگی	Epilepsy
-2	ہسٹیریا' باؤ گولہ	Hysteria

جلد (Skin):

-1	چھپاکی	Urticaria
-2	خارش	Itching
-3	خارشی ابھار	Itching with pustules

4- ایگزیما Eczema

5- سینگ نکلنا Sole-corns

6- ناخن خواہ Whitlow

کمزوری (Weakness):

ذہنی یا سیال مواد خارج ہونے سے Simple from much drain Mental.

خوف، خوشی اور غم

- بیماری سے خوفزدہ ہونے کی ہرگز ضرورت نہیں اگر خوراک قدرتی بغیر آلودگی کے ہو اور سبزیوں پر مشتمل ہو۔
- آفات و بلیات سے خوفزدہ ہونے کی ہرگز ضرورت نہیں اگر زندگی پاکیزہ گزری ہو۔
- دل جمعی کا عمل قدرتی طور پر جاری رہتا ہے اگر نیک کام کئے ہوں اور رحم دلی ہو۔
- چار ویدوں اور چھ شاستروں نے دو امور پر زیادہ زور دیا ہے:

...... دوسروں کو اذیت رسانی سے افسردگی ملتی ہے۔

...... دوسروں کی مدد کرنے سے مسرت ملتی ہے۔

- دوسروں سے نیکی کرنے جیسا کوئی مذہب نہیں۔

دوسروں کو اذیت دینے سے بڑا کوئی گناہ نہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں:

...... اے انسان تجھے اپنے خالق کا شکر گزار ہونا چاہئے۔

...... اس نے طوطے اور دوسرے پرندوں کو خوبصورت پر دیئے ہیں اور

...... اسی طرح دوسرے جانوروں کی ضروریات پوری کی ہیں۔

لیکن!

...... انسان کو اس نے ان گنت نعمتیں دی ہیں۔

لہٰذا اسے اپنے گریبان میں جھانکنا چاہئے اور توجہ دینی چاہئے۔

بچوں کی بیماریاں (ایک نظر میں)

(Problems of Childhood)

عوارض (Ailments)	ادویہ (Remedies)
⊙ دانت نکالنے کے دوران تشنج، اکڑاہٹ During dentition Cramps	Belladonna 30 بیلاڈونا Chamomilla 30 کیمومیلا (بدل بدل کر)
⊙ بخار (Fever)	Belladonna 30 بیلاڈونا Chamomilla 30 کیمومیلا (بدل بدل کر)
⊙ اسہال (Diarrhoea)	Chamomilla 30 کیمومیلا Podophyllum 30 پوڈوفائیلم (بدل بدل کر)
⊙ کھانسی پریشان کن (Cough teasing)	Belladonna 30 بیلاڈونا Chamomilla 30 کیمومیلا (بدل بدل کر) یا Arsenic 30 آرسینکم البم Rhustox 30 رسٹاکس (بدل بدل کر)

⊙ خسرہ (Measles)

اکونائٹ Aconite 30
پلساٹیلا Pulsatilla 30
(بدل بدل کر) یا
آرسینیکم البم Arsenic 30
رسٹاکس Rhustox 30
(بدل بدل کر)

⊙ کالی کھانسی (Whooping Cough)

ڈروسرا Drosera 30
(صرف ایک بار)
کاربوویج Carbo veg 30
(دن میں دو بار) یا
برائیونیا Bryonia 30
اپیکاک Ipecac 30
(بدل بدل کر)

⊙ گلسوئے، کن پیڑے (Mumps)

رسٹاکس Rhus tox 30
فائی ٹولیکا Phytolacca 30
(بدل بدل کر)

⊙ گلے کے غدود متورم (Tonsilitis)

بیسی لینم Bacillinum 30
(ہفتہ میں ایک بار صرف چار ہفتے) پھر
کلکیریا فاس Calc phos 30

⊙ مچھر کاٹنا (Mosquito bites)

کینتھرس Cantharis 200
(صرف 2 خوراک)

⊙ پستہ قد ہونا (Dwarfish)

برائٹا کارب Baryta Carb 200
(ہفتے میں دو بار)
سلفر Sulphur 30
ہفتہ میں ایک بار (2 ماہ کے لئے)

⊙ چھاتی کے عوارض (Chest Affections)

اکونائٹ Aconite 30

	Bryonia 30 برائیونیا (بدل بدل کر) Sulphur 30 سلفر (ایک بار)
⊙ کیڑے (Worms)	Cina 30 سائنا Nat Phos 3x نیٹرم فاس Nat Phos 6 یا نیٹرم فاس (بدل بدل کر)
⊙ سردرد (سکول جانے والے بچے بچیاں) Headache (School going boys and girls)	Nat Mur 30 نیٹرم میور Calc Phos 30 کلکیریا فاس (بدل بدل کر دیں)
⊙ مشت زنی کی عادت (Masturbation habit)	Staphy sagria 30 سٹافی سیگریا
⊙ سوکھا مسان مع کمزور ٹانگیں (Marasmus with Legs thin)	Abrotanum 30 ابراٹینم
⊙ گردن بہت کمزور (Neck very thin)	Nat Mur 30 نیٹرم میور
⊙ ہڈیاں بہت کمزور (Bones very Weak)	Calc Carb 1M کلکیریا کارب (صرف ایک خوراک دیں)
⊙ غدود بڑھے ہوئے (Glands Enlarged)	Iodium 30 آیوڈم

(بدل بدل کر دوا دینے سے مراد ہے کہ ایک دوا کے بعد دوسری دوا دینا جس میں کم از کم دو گھنٹہ کا وقفہ ہو اگر افاقہ شروع ہو جائے تو دوا کی خوراک کم کر دیں یا بند کر دیں اور اگر ہر دوا کی تین خوراکیں دینے کے بعد افاقہ نہ شروع ہو تو دوا دینا بند کر دیں اور کسی ماہر معالج سے مشورہ کریں۔

مفرد دوا مندرجہ کو صبح دوپہر شام دن میں تین بار لیں۔ تین دن میں نتیجہ سامنے آ جانا چاہئے بصورت دیگر دوا بند کر دینی چاہئے اور اگر اچھا نتیجہ سامنے آئے تو دوا کی خوراک دوہرانے میں کمی کر کے بند کر دیں۔)

انسان پر قدرت کی نعمتیں

➢ انار:

اللہ تعالیٰ نے انسان کو بہت سی نعمتیں دی ہیں۔اس نے انار میں زندگی کا آب حیات کس فنی خوبی سے بند کیا ہے۔

➢ شہد:

شہد کو شہد کی مکھی کے ذریعے صرف ان پھولوں سے جو انسانی صحت کے لئے مفید ہیں' کا جوہر اکٹھا کر کے انسان کے لئے شفاء قرار دیا۔

➢ ناریل:

زمین سے کتنے مراحل کے بعد صحت مند جوہر کو تازہ سبز ناریل کے چھلکے میں سمو دیا اور اس کے پانی میں تندرستی اور طاقت بھر دی۔(اس کے تیل کو سر کے بالوں کی نشوونما کی صلاحیت عطا کی۔مترجم)

➢ آملہ:

آملہ کو ملٹی وٹامن کا خزانہ بنا کر انسان کو ایک تحفہ دیا۔

➢ بیل گری:

بیل گری دی جو نظام ہضم کے لئے ایک اکسیر گراں بہا ہے......اور بہت سے ایسے کئی تحفے انسان کی صوابدید پر چھوڑ دیئے۔

....

(حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے فرمان کو مصنف نے یہاں پھر دہرایا ہے جس سے ان کا مقصد انسان کو احساس دلانا ہے کہ جانوروں کی ضروریات کا خیال رکھنے والے خدا نے انسان کے لئے بہت زیادہ نعمتیں دی ہیں جن پر غور و فکر کی ضرورت ہے۔مترجم)

- اگر بچہ کو نہ رکنے والی چھینکیں آتی ہوں تو...... اکھتائی اولم
- زکام اور چھینکیں نا قابل برداشت ہوں اور سر درد کو تے سے آرام ملے..... سلفیورک ایسڈ 3x

(حسنین)

انسان اور دیگر حیوانات

جانور پرندے، حشرات الارض سب کا اپنا اپنا ایک نظام حیات ہے۔ ہر جانور کا اپنا ایک غذائی معمول ہے جس پر اس کی زندگی کا انحصار ہے۔ مشاہدہ ہے کہ ہر جانور اس معاملہ میں اپنے معمول پر کاربند رہتا ہے اور تجاوز نہیں کرتا۔ بکری گوشت نہیں کھاتی اور شیر گھاس نہیں کھاتا۔ وہ سب زندہ رہنے کے لئے کھاتے ہیں لیکن محسوس ہوتا ہے کہ انسان زندہ کھانے کے لئے رہتا ہے۔ خورد و نوش میں نت نئے ذائقوں کی تلاش میں رہتا ہے اور نئی جدتیں پیدا کرتا ہے۔ سینکڑوں ترکیبیں کھانا پکانے اور ان کی انواع و اقسام میں اضافہ کرتا رہتا ہے۔ اسی طرح ذہنی تسکین اور محظوظ ہونے کے لئے نئے طریقے اور بود و باش بڑی بڑی اور زیادہ آرام دہ گھروں کے حصول کے لئے سکونت بدلتا رہتا ہے۔ اس کے تعیشات زندگی کی کوئی حد نہیں۔ خواہشات، غصہ، جذباتی وابستگی، انا، غیرت ہر وقت اس کا احاطہ کئے رہتی ہیں۔ اسی طرح اس کی بیماریوں کے ذرائع لامحدود ہیں اور اذیت کا دائرہ عمل بھی وسیع ہے۔

....

دافع اثر (Antidotes)

ان ادویہ کے استعمال سے بحالی صحت و قوت میں بہت زیادہ مدد ملے گی۔

➢ نکس وامیکا (Nux Vom):

وہ افراد جو شراب کے رسیا اور بہت زیادہ دوائیوں کے جھنجٹ میں پڑے ہوں۔

➢ ایلوز (Aloes):

جو بیئر (Beer) کے رسیا ہوں۔

➢ آرسینیکم البم اور کیلیڈیم (Ars. Alb & Caladium):

کسی بھی صورت میں تمباکو (یا نسوار) کا بہت زیادہ استعمال۔

- آگ کی تپش سے جسم کے کسی حصہ کا جل جانا ..... پیرافین 30-3x
- آگ سے جھلس جانے کے بعد ..... پانیکو بیرونی طور پر لگائیں
- لو لگنا، بخار، جسم گرم، پیاس ..... گلونائین 200 ایک بار

خواتین کے عوارض (ایک نظر میں)

(Problems of Ladies)

عوارض (Ailments)	ادویہ (Remedies)
٭ سیلان الرحم (Leucorrhoea)	نیٹرم سلف Nat Sulph 30
	مکنیشیا فاس Mag Phos 30
	(بدل بدل کر دیں) یا
	پلساٹیلا Pulsatilla 30
	کالوفائیلم Caulophyllum 30
	(بدل بدل کر دیں)
٭ ایام حیض سے متعلق Menses (relating to)	
◎ مقدار زیادہ (Profuse)	اسٹی لیگو Ustilago 200
	ٹریلیم Trillium Q
	(بدل بدل کر دیں)
	کلکیر یا آئیوڈائیڈ Calc Iod 30
	(ہفتہ میں ایک بار چار ہفتوں کے لئے)
◎ قلیل مقدار (Scanty)	پلساٹیلا Pulsatilla 30
	نیٹرم میور Nat Mur 30
	(بدل بدل کر دیں)
◎ بے قاعدہ (Irregular)	نیٹرم میور Nat Mur 30
	(صبح)
	سیپیا (شام) Sepia 30
	(ہفتہ میں ایک بار)

⊙ ہمراہ درد (Painful)

مگنیشیا فاس Mag. Phos 1M
(ہفتہ میں دو بار)

➤ نئی شادی شدہ خاتون میں پیشاب کی مسلسل حاجت

Frequent urge (urination) in newly married

کالوسنتھ Colocynth 30
(درد ہونے پر ہر تین گھنٹہ بعد)
شافی سیگریا یا Staphy-sagria 30

دوران حمل (Pregnancy):

➤ متلی (Nausea)

اپیکاک IPecac 30

➤ ٹانگیں بوجھل محسوس ہوں اور درد کریں

Legs heavy and aching

بیلس Bellis 30

➤ پیٹ درد (Abdomen pains)

وائی برنم Vib. op. Q
یا سمی سی فیوگا Cimicifuga 30
(بدل بدل کر دیں)

➤ جھوٹے درد (False pains)

کالوفائیلم Caulophylum 30

➤ اسقاط حمل کا خطرہ

(Threatened abortion)

سبائنا Sabina 30 (صرف دو خوراک)
یا سمی سی فیوگا Cimicifuga 30
وائی برنم Viburnum Op. Q
(بدل بدل کر دیں)

زچگی (Delivery):

➤ زچگی کے بعد عفونت اور دیگر مسائل


to check infection and complications after delivery

آرنیکا Arnica 30
(ہر دو گھنٹہ بعد دن میں چار بار دو دن)

➤ پستان دودھ کی وجہ سے سخت ہوں، درد کریں

Milk breast i.e. breast sore, hard and fever

برائی اونیا Bryonia 30
فائٹولیکا Phytolacca 30
(بدل بدل کر دیں)



- پستانوں میں دودھ کی کمی

No milk in breast

لیک ڈی فلور Lac Defl. 30

(ہر تین گھنٹہ بعد دو دن آٹھ خوراک)

- پستانوں سے دودھ رستا ہے

Milk drops from breast

کیمومیلا Chamomilla 30

(صرف تین خوراک)

سن یاس (Menopause):

- سر درد اور گرم بھبھوکے

Headaches and hot flushes

بیلا ڈونا Belladonna 30

گلونائین Glonoine 30

کیمومیلا Chamomilla 30

(بدل بدل کر دیں صرف ایک یا دو دن)

یا سینگونیریا Sanguinaria 30

(صرف چار خوراک)

- کمر درد (Back Pains)

رسٹاکس Rhus Tox 30

(بدل بدل کر دینے سے مراد ایک دوا دینے کے بعد کم از کم دو گھنٹے کے وقفے سے دوسری دوا دینا اگر مناسب کام جاری رہے تو دو دن دے سکتے ہیں اس کے بعد کم کر کے بند کر دیں۔ اگر نتیجہ خیز نہ ہو تو بند کر دیں۔ مفرد دوا دن میں تین بار لیں۔ مدر ٹنکچر کے پانچ قطرے ایک خوراک کے حساب سے آدھا کپ پانی میں ڈال کر لیں۔)

پلکیں

(Eye Lids)

- جو افراد چاہتے ہیں کہ بڑھاپے میں چہرے پر جھریاں نہ پڑیں، وجاہت و وقار اور چہرے پر تازگی برقرار رہے انہیں چاہئے کہ وہ (قرآن مجید کے اس حکم پر عمل کریں، مترجم) اپنی نظریں نیچی رکھیں۔ (یعنی ماتھے پر تیوری نظر نہ آئے بلکہ پلکیں جھکی رہیں۔ مترجم)

ماہرین کا ارشاد

(And they Say)

➢ ہانیمن:

معالج کو معیاری اور اصلی ادویہ ہی اپنی دسترس میں رکھنی چاہئیں۔

➢ گاندھی:

ہومیوپیتھی ہی واحد جدید ترین ترقی یافتہ طریقہ علاج ہے جس سے مریض کو باکفایت اور پُرسکون شفاء میسر ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ اس کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کرے۔

خصوصی مجربات (Specifics)

➢ ہومیوپیتھی میں ان کا کوئی وجود نہیں لیکن کچھ ادویہ بعض عوارض میں ''قریب ترین مجربات'' ضرور ہیں۔ مطب کے عملی تجربات نے انہیں اُجاگر کیا ہے اور انہی ''خصوصی مجربات'' نے اس سائنس کو زیادہ قابل عمل، مفید، سادہ اور بہت سے مریضوں کے لئے یقینی شفاء کا ذریعہ بنا دیا ہے۔

سبزی خور افراد (Vegetarian)

➢ پوری دنیا کے لوگ ایسے جانوروں کا دودھ پیتے ہیں جن کی غذا نباتات پر مبنی ہے مثلاً بکری، گائے، بھینس وغیرہ اور اسے صحت بخش قرار دیا جاتا ہے۔ لہٰذا ہر دودھ پلانے والی ماں کو چاہئے کہ بچہ کو دودھ پلانے کی مدت میں صرف سبزیاں کھائے۔

میدان فوقیت

➢ ہومیوپیتھی میں جسم کی اندرونی بیماریوں کے لئے دوائیوں کے دائرہ کار کا تجزیہ اور مطالعہ کیا جاتا ہے اور سرجری کے لئے بیرونی جلد کو ضرر رسانی کے ازالہ کے لئے اہمیت دی جاتی ہے۔

ذہنی صحت (Mental Health)

متوازن ذہن کی علامات:

- رحمدلی
- دوسروں کے دکھ کا احساس
- محبت سے لبریز دل
- احترام اور یقین
- مصیبت میں ہمت سے کام لینا
- ہر کام کو پایۂ تکمیل کرنا
- دوسروں کی خوشی سے محظوظ ہونا
- معاف کر دینے کی عادت اور
- مسکراتا چہرہ

بیمار ذہن کی علامات:

- ہر وقت ناک بھوں چڑھائے رکھنا
- چڑچڑاپن طاری رہے
- ذہنی بے اعتدالی
- کوئی بھی کام توجہ اور محنت سے نہ کرنا
- ہمیشہ ہر فرد یا کام کو حقارت کی نظر سے دیکھنا
- دوسروں کے لئے کوئی ہمدردی نہ رکھنا
- جھگڑے کے لئے ہر وقت تیار رہنا یا
- چھوٹی چھوٹی باتوں پر مرنے مارنے پر تل جانا
- خوشی کے لمحات میں بھی بہت آزردہ رہنا
- ظلم کرنا اور حسد کرنا
- دل میں بغض رکھنا
- حد درجہ کا لالچی ہونا اور
- خوفزدہ سا رہنا

جسمانی صحت (Physical Health)

اچھی صحت (Good Health):

علامات:

- اخراجات مثلاً اجابت، پیشاب، پسینہ (خواتین میں حیض) معمول کے مطابق ہو۔
- نیند جس کے نتیجے میں تازگی ملے۔
- ہمیشہ چاک وچوبند رہنا اور
- بھوک پیاس کا معمول کے مطابق ہونا۔

بیماری (Sickness):

جسے بُری صحت بھی کہتے ہیں۔

علامات:

- بے کار بیٹھنے پر پسینہ آئے۔
- پاخانہ، پیشاب، حیض زیادہ آئے یا مقدار قلیل ہو۔
- ہر وقت غنودگی طاری رہے یا
- نیند ہی نہ آئے۔
- بھوک پیاس میں کمی یا
- ہر وقت پیاس محسوس ہو اور
- جوع الکلبی یعنی کتے جیسی بھوک لگے۔
- ہر وقت تھکن محسوس ہو۔

ہومیوپیتھی

میں ان تمام علامات کا گہرا مطالعہ کر کے حقیقی اور قدرتی شفاء کا حصول منتہائے اصلی ہے۔

جنت دوزخ (Heaven & Hell)

دوزخ جہاں:

...... چارپائی ٹوٹی ہوئی۔
...... بستر پر پسو رینگ رہے ہیں۔
...... سردی سے بچنے کے لئے جسم ڈھانپنے کے لئے کمبل نہیں۔
...... بارشوں میں چھت ٹپک رہی ہے۔
...... خاتون خانہ زبان دراز اور بدتمیز ہے۔
...... بھوک ننگ نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں۔
...... پڑوسی ہروقت گالیاں دیتا ہے۔
...... زمیندار بغیر اُجرت مزدوری کے لئے مجبور کرتا ہے۔
...... بچے نافرمان ہیں۔

اے انسان اگر تو ایسے حالات سے دوچار ہے تو خیال جہنم سے خود کو مزید اذیت دینے کے لئے کیوں خوفزدہ ہے۔

جنت:

...... اگر کسی کے پاس مناسب دولت ہے۔
...... بچے فرمانبردار ہیں۔
...... بیوی تابعدار اور خدمت گزار ہے' دل و جان سے فدا ہے' پیار کرتی ہے' ضروریات کا خیال رکھتی ہے۔
...... دوست قابل اعتماد ہیں۔
...... ملازمین مخلص اور وفادار ہیں۔
...... حکمران دانشمند ہے تو

اے انسان تو جنت کی تلاش میں کیوں سرگرداں ہے جس کے لئے دنیا مرنے کے بعد متمنی ہے۔

ہنگامی عوارض (ایک نظر میں)

Emergencies (at a glance remedies)

عوارض(Aliments)	ادویہ(Medicines)
زخم(Injuries):	
➢ ہر قسم کے زخم(Any injury)	Arnica 30 آرنیکا (ہر دو گھنٹے بعد)
➢ دانت نکلوانے سے پہلے اور بعد (Before and after tooth extraction)	Arnica 30 آرنیکا Hypericum 1000 ہائپرکیم (بدل بدل کر دیں)
➢ ہڈی ٹوٹنا' درد ہڈی سیٹ ہونے سے پہلے (Fracture-Pains before bone is set)	Arnica 30 آرنیکا (ہر دو گھنٹے بعد)
➢ ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹنا' درد سیٹ ہونے سے پہلے (Dislocation-pain of, before it is set right)	Arnica 30 آرنیکا (ہر دو گھنٹے بعد)
➢ ہڈیوں کو جلدی اپنی جگہ سیٹ اور جلدی جوڑنے کے لئے (To ensure union of bones quickly)	Symph. 30 سمفائیٹم (دن میں تین بار ایک ہفتے کے لئے)
➢ رگڑیں(Sprains)	Arnica 30 آرنیکا رسٹاکس Rhus Tox 30(بدل بدل کر دیں)
➢ انگلیوں کا کچلا جانا(Crushed finger)	Hypericum 1M ہائپرکیم (تین خوراکیں)

➢ آپریشن کے بعد (Stretching pain after operation)	Staphysagria 30 سٹافی سیگریا
➢ آپریشن کے بعد پیٹ میں گیس (Gas in abdomen after operation)	Carbo veg 30 کاربوویج China 30 چائنا
➢ حاد دمہ (Acute Asthma)	Acon 30 ایکونائٹ Arnica 30 آرنیکا Ipecac 30 اپیکاک (بدل بدل کردیں) یا Arsenic 30 آرسینکم البم Nat Sulph 30 نیٹرم سلف (بدل بدل کردیں)
➢ حاد قولنج (Acute Colic)	Colocynth 3x کالوسنتھ Mag. Phos 1M مگنیشیا فاس (بدل بدل کردیں) یا Colocynth 3x کالوسنتھ Dioscoria 6 ڈائیسکوریا (بدل بدل کردیں)
➢ پتہ کی پتھری اور درد (Gall stone colic)	Belladonna 30 بیلاڈونا Calc carb 30 کلکیریا کارب (بدل بدل کردیں ہر دوا کی صرف تین خوراک)
➢ گردہ کی پتھری اور درد (Kidney stone pain)	Berberis V. Q بربرس ولگیرس Belladonna 30 بیلاڈونا (بدل بدل کردیں ہر دوا کی تین خوراک دیں)

➢ حاد پیچش (Acute Dysentery)
کالوسنتھ Colocynth 3x
مرک کار Merc. Cor. 30
(بدل بدل کر دیں)

➢ قے ہمراہ قولنج (Vomits with Colic)
بسمتھ Bismuth 30

➢ اسہال (Diarrhoea)
پوڈوفائلم Podophylum 30
چائنا China 30
(بدل بدل کر دیں)

(نوٹ: حاد سے مراد اچانک، شدید اور نئی علامات جو مزمن یعنی پرانی نہ ہوں۔ مترجم)

➢ ہچکی آپریشن کے بعد (Hiccough after operation)
ہائیوسائیمس Hyoscyamus 30

➢ زخم اور جلد کٹ جائے (Cuts and Wounds)
ہائپریکم Hypericum 1M
(کھانے کے لئے دیں)
ہائپریکم Hypericum Q
(زخموں پر لگائیں)

➢ درد آنکھ کے آپریشن کے بعد (Pains after Eye-operation)
رسٹاکس Rhus Tox 30
(چار خوراکیں دیں)

مزید ہنگامی عوارض (Other Emergencies):

➢ جل جانا (Burns)
کینتھرس Cantharis 200
(ہر دو گھنٹے بعد، چار بار دیں)

➢ دھڑام سے گرنا (Collapse)
کاربوویج Carbo veg 30
چائنا China 30
آرسینکم البم Arsenic 30
(بدل بدل کر دیں)

☆ جس انسان کی آنکھ میں آنسو ہیں وہ انسان اللہ سے نہیں بچ سکتا۔ انسان کا اللہ سے قریب ترین رشتہ آنسوؤں کا ہے۔ (واصف)

➢ دل کے عوارض (ڈاکٹر کے آنے تک وقت حاصل کرنے کے لئے) (Heart problems; we may just gain time to call or reach a doctor)	ایکونائٹ Aconite 30 آرنیکا Arnica 30 (بدل بدل کردیں) یا کیکٹس Cactus 6 (چار خوراک دیں)
➢ پیٹ میں گیس بھر جائے' حاد صورت (Acute gass formation)	کاربوویج Carbo veg 30 چائنا China 30 (بدل بدل کردیں)
➢ نبض اتنی سست احساس ہو کہ ڈوب گئی ہے (Pulse sinking-goes beyond feeling)	ڈیجی ٹیلس Digitalis 30 (تین خوراک دیں) (ڈیجی ٹیلس چائنا کی مخالف ہے)
➢ قے اور اسہال بیک وقت (Vomit Diarrhoea)	ویریٹرم البم Veratrum Alb. 30 آرسینیکم البم Arsenic 30 چائنا China 30 (بدل بدل کردیں)
➢ متلی مسلسل (Continued Nausea)	اپیکاک Ipecac 30
➢ آنکھ کی سوزش (پانی یا پیپ بہے) (Eye inflames)	یوفریزیا Euphrasia 30 یا ارجنٹم نائٹریکم Argent nit 30 یا مرک کار Merc Cor 30

(دوا کے اثرات کا مشاہدہ جاری رکھیں اور خواہ مخواہ دوا پر دوا نہ دیتے جائیں۔ اگر افاقہ ہو تو دوا دہرانے کا دورانیہ کم کر دیں اور پھر دوا دینا بند کر دیں۔ اگر کوئی افاقہ نہ ہو تو پہلی فرصت میں ماہر ہومیوپیتھک معالج سے مشورہ کریں۔ زخموں یا ہنگامی حالتوں میں بعض اوقات ہسپتال یا ڈاکٹر تک پہنچنے کے لئے وقت درکار ہوتا ہے' ان ادویہ سے فوری افاقہ بغیر ضمنی بُرے اثرات کے ہوتا ہے۔)

☆ غم چھوٹے آدمی کو توڑ دیتا ہے اگر غم میں غم دینے والے کا خیال رہے تو پھر انسان بہت بلند ہو جاتا ہے۔ (واصف)

میڈیکل سائنس اور ہومیوپیتھی

(Medical Science & Homoeopathy)

- اناٹومی کا تعلق جسم کے ڈھانچے سے ہے۔
- فزیالوجی معمول کے حالات میں جانداروں کے افعال کا مطالعہ ہے۔
- پیتھالوجی مختلف طریقوں سے بیماریوں کا مطالعہ ہے۔
- ہومیوپیتھی علامات کے مطالعہ کے ذریعے عوارض کے شفاء کا پتہ دیتی ہے۔
- میٹریا میڈیکا مختلف ادویہ کی علامات کا رجسٹر ہے۔
- ریپرٹری علامات کا سائنسی و منظم بالترتیب مجموعہ ہے جس میں ہر عارضہ کے لئے دوا کی واضح ہدایات مہیا کی گئی ہیں۔
- معالجات میں عوارض اور ان کا علاج بیان کیا جاتا ہے۔
- ہومیوپیتھک تصاویر الادویہ دوائیوں کے چہرے اسی طرح دکھائے جاتے ہیں جس طرح ہم انسانوں کے چہرے دیکھتے ہیں۔

مدر ٹنکچر ϕ(Mother Tinctures):

- وائی برنم Vibernum Opulus ϕ اگر دوران حمل مریضہ نے استعمال کی ہو تو اسے اسقاط حمل سے ہرگز خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے۔
- کریٹیگس Crataegus ϕ جس نے استعمال کیا ہو اسے قلبی افعال کے عوارض کے خلاف ضمانت مل جاتی ہے اور بلڈ پریشر ہائی یا لو (High or Low) اور ذیابیطس کا خوف نہیں رہتا۔
- ہائپریکم Hypericum ϕ یا کیلنڈولا Calendula ϕ جس نے انگلیوں کے کچلے جانے سے زخمی ہونے پر اور چیر پھاڑ والے زخموں پر استعمال کیے ہوں وہ درد اور برے اثرات سے بچ جاتے ہیں۔
- کینتھرس Cantharis ϕ کا لوشن جلی ہوئی جگہ پر لگانے سے نہ آبلے بنتے ہیں اور نہ ہی پیپ پڑتی ہے۔

ہومیوپیتھی میں ایسے شفاء بخش جواہر بہت زیادہ ہیں۔

☆ منافق وہ ہے جو اسلام سے محبت کرے اور مسلمانوں سے نفرت! (واصف)

علامات، کب اور کیوں پریشانی اور تذبذب میں ڈالتی ہیں

(When & Why Symptoms Confuse)

- مچھلیوں کے بارے میں شہرت ہے کہ وہ پورے چاند پر مخصوص وقت میں انڈے دیتی ہیں۔ ہر مچھلی ساحل سمندر پر ہزاروں انڈے دیتی ہے اور واپس پانی میں چلی جاتی ہے۔ یہ مشاہدہ ہے کہ جونہی انڈوں سے چھوٹی چھوٹی مچھلیاں سمندر کا رخ کرتی ہیں اور اپنی ماں ہی کے گرد منڈلاتی پھرتی ہیں۔ لاکھوں کی تعداد میں ایسی مچھلیاں ہزار ہا بار نیا جنم لینے کے بعد اپنی منزل مقصود تک پہنچنے میں کبھی ناکام نہیں ہوتیں۔ یہ سارا عمل قانون قدرت کے مطابق جاری رہتا ہے۔
- ہومیوپیتھی سائنس بھی ذاتی لگاؤ رکھتی ہے جو بعد از اں قانون قدرت کی کارفرمائی کا حصہ بن جاتا ہے۔ ایسا اس وقت ہوتا ہے جب ہم محبت کو جنم دیئے بغیر کسی قربت کے ماوراء چیزوں پر نظر ڈالتے ہیں تو اس میں تذبذب شامل ہو جاتا ہے اور ہمیں احساس ہوتا ہے کہ ہم علامات کی بھول بھلیوں میں پھنس کر رہ گئے ہیں۔ اگر ذرا سی بھی احتیاط برتیں اور محنت اور خلوص سے کام لیں تو سائنس پوری شان و شوکت سے ہمیں آگہی کی منزل سے ہمکنار کرتی ہے اور ہمیں ایک واضح صورت نظر آ جاتی ہے۔
- 50 دوائیوں کی کچھ مختصر علامات کی پیشکش اس سلسلہ میں ایک کوشش ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ ایک علامت کسی دوسری جگہ الجھن پیدا نہ کرے اسی طرز پر اگر ہم مطالعہ کو مزید افزودگی بخشیں تو منزل کی طرف صحیح سمت میں یہ ایک بہتر اور مناسب قدم ہوگا اور الجھن خود بخود پیچھے ہٹتی چلی جائے گی اور مطلع صاف ہو جائے گا۔
- یہ اظہر من الشمس ہے کہ دوران آزمائش صرف کیلکیریا کارب کی 1650 علامات کا ظہور ہوا لیکن عملی طور پر پریکٹس میں ہم عام طور پر ایک ہی علامت سے علاج شروع کرتے ہیں اور ہم شاذ و نادر ہی فیل ہوتے ہیں بلکہ اپنے مقصد کو حاصل کر لیتے ہیں اور دوسری علامات ہمیں الجھن میں نہیں ڈالتیں اور ہم انہیں اس وقت استعمال میں لاتے ہیں جب کوئی ایسا موقعہ شاذ ہی آئے۔

ہومیوپیتھی (Homoeopathy):

- کا ہنی بر حقیقت دعویٰ ہے کہ ایک ہی خوراک دوا دینے سے شفاء حاصل ہو جاتی ہے۔
- علامات کے ذریعے جسم انسانی کی ضروریات کا ادراک رکھتی ہے۔

- ایک وقت میں ایک دوا اس کا نظریۂ علاج ہے۔
- ہر دوا کا مطالعہ اور پہچان ہر زاویئے پر محیط ہے۔
- دوا کو پوٹنٹائزیشن (Potentization) طاقت کے عمل سے انتہائی موثر کر دیتی ہے۔
- حقیقی شفاء کے ذریعے قدرتی صحت کو بحال کرتی ہے۔
- دوائیوں کے ذیلی اثرات سے مبرا ہے اور انہیں ختم کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔
- آسان اور قدرتی شفاء کا تعین کرتی ہے۔ سب کے لئے خواہ غریب یا امیر، بچہ ہو یا بوڑھا، مرد ہو یا عورت کوئی امتیاز نہیں سب برابر استفادہ کر سکتے ہیں۔
- حاد اور مزمن دونوں طرح کے عوارض کے لئے مفید ہے۔
- یکدم اور فوراً کسی عارضہ کو لاعلاج قرار نہیں دیا جاتا۔
- اذیت ناک کیفیت میں کم از کم وقت میں افاقہ مہیا کرتی ہے۔
- میں زندگی کے تمام مراحل جسم، ذہن، روح یعنی جذبات سب قابل غور ہیں۔ اسی طرح
- ان مراحل کی تہہ تک پہنچتی ہے۔
- بالکل طریقہ سے دوا کا انتخاب کیا جاتا ہے۔
- دوائیوں کو علامات کی بناء پر تجویز کیا جاتا ہے حتیٰ کہ بعض کیفیات میں ماہیت الامراض کے ٹیسٹ بھی ضروری خیال نہیں کئے جاتے۔
- دوا کے انتخاب میں موسم، موقع محل، برجوں اور سیاروں کی چال کو بھی پیش نظر رکھا جاتا ہے۔
- دوائیوں کی آزمائش صحت مند انسانوں پر کی جاتی ہے اس لئے انسانوں کے لئے خاص طور پر موزوں ہوتی ہیں۔
- یہ واحد طریقۂ علاج ہے جو اپنی نوعیت کے لحاظ سے آفرینش آدمیت سے رائج ہے اور اس کی سائنسی بنیاد ہے۔

چھینکیں:

...... پھر زکام اور دم کشی: نیٹرم سلف 30-3x

...... زیادہ بہنے والے نزلہ کے ساتھ گلا درد: کیولیا سیپونیریا 6

...... تالو اور حلق میں جلن، دردِ سر، غذا کی نالی میں درد --- وجہ گرد و غبار، دمہ جیسی کیفیت: اکٹوبیا فوٹیڈا 6

...... ہمراہ ریزش کے ٹکڑے اڑ کر نکلیں: ارنڈولوریٹا 6

عمومی عوارض

سر (Head):

➢ بال گرنا (Dandruff)

آرسینیکم البم Arsenic 30

نیٹرم سلف Nat Sulph 30

تھوجا Thuja 6

(بدل بدل کر دیں صرف تین دن صبح دوپہر شام)

➢ گنجاپن (Bald)

فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30

سلیشیا Silicea 30

(بدل بدل کر دیں دو دن دیں پھر پندرہ دن وقفہ کریں)

بیسی لینم Bacillinum 30

(ہفتہ میں ایک بار چار ہفتے تک)

➢ آدھے سر کا درد (Migraine)

......(تیزابیت کی وجہ سے)

آئرس ورسکلر Iris. V. 30

نکس وامیکا Nux V. 30

(بدل بدل کر دیں)

......(سن یاس کے عوارض کی وجہ سے)

سینگونیریا Sanguinaria 30

(دن میں تین بار دیں)

......(انیمیا کی وجہ سے)

کلکیریا فاس Calc Phos 30

نیٹرم میور Nat Mur 30

(بدل بدل کر دیں)

آنکھیں (Eyes):

➢ سوزش اور پانی بہنا (Inflame & Water)

یوفریزیا Euphrasia 30

➢ گوہانجنی (Styes)

پلساٹیلا Pulsatilla 30

سلیشیا Silicea 30

(بدل بدل کردیں) یا

➢ دباؤ/بوجھ (Strain)

سٹافی سیگریا Staphysagria 30

کلکیر یا فاس Calc Phos 30

روٹا Ruta 30

(بدل بدل کردیں)

ناک (Nose):

➢ عام زکام (Common Colds)

ایلم سیپا Allium Cepa 30

پلساٹیلا Pulsatilla 30

(بدل بدل کردیں) یا

آرسینکم البم Arsenic 30

نیٹرم سلف Nat Sulph 30

(بدل بدل کردیں) یا

ڈلکامارا Dulc 30

نیٹرم سلف Nat Sulph 30

(بدل بدل کردیں) یا

ایکونائٹ Acon 30

پلساٹیلا Pulsatilla 30

(بدل بدل کردیں)

➢ نسیجوں میں رکاوٹ (Sinus)

پلساٹیلا Pulsatilla 30

کالی بائیکروم Kali Bich 30

(بدل بدل کردیں)

چہرہ (Face):

➢ دانے کیل مہاسے (Acne)

کالی بروم Kali Brom 30

بربرس ایکی فولیا Berberis Aq.

(بدل بدل کردیں) یا



Sulphur 30 سلفر

Silicea 30 سلیشیا

Carbo veg 30 کاربوویج

(بدل بدل کردیں صرف دو دن صبح' دوپہر' شام)

➢ مسے (Warts)

Causticum 30 کاسٹی کم

Staphysagria 30 سٹافی سیگریا

(بدل بدل کردیں صرف دو دن پھر پندرہ دن کا وقفہ اس کے بعد پھر دو دن)

منہ (Mouth):

➢ چھالے (Aphthae)

ulcers or blisters

Borax 30 بوریکس

(خصوصی طور پر بچوں میں)

دن میں تین بار دو دن تک.....یا

Nitric Acid 30 نائٹرک ایسڈ

Arsenic 30 آرسینکم البم

Nat Sulph 30 نیٹرم سلف

(بدل بدل کردیں دو دن تک)

➢ مسوڑھوں سے خون Gums (bleed)

Carbo veg 30 کاربوویج

Silicea 30 سلیشیا

کالی آئیوڈائیڈ

ہیپر سلف (بدل بدل کردیں)

➢ ناک بند (Nose Block)

Carbo veg 30 کاربوویج

Lycopodium 30 لائیکوپوڈیم

Nux Vom 30 نکس وامیکا

(بدل بدل کردیں دو دن کے لئے)

کان(Ear):

میل(Wax Excess)	کونیم Conium 30 (صرف دو خوراک دیں)
درد(Pain)	پلساٹیلا Pulsatilla 30 کیمومیلا Chamomilla 30 (بدل بدل کردیں)
پیپ خارج ہو(Pus Discharge)	کالی میور Kali Mur 30 پلساٹیلا Pulsatilla 30 (بدل بدل کردیں) یا مزیریم Mezerium 30 مرک سال Merc Sol 30 (بدل بدل کردیں)

ہونٹ(Lips):

پھٹے ہوئے(Crack)	رسٹاکس Rhus Tox 30 نیٹرم میور Nat Mur 30 (بدل بدل کردیں)
کونے کٹے ہوئے(Corners Crack)	اینٹم کروڈ Antim Crud 30 (صرف تین خوراک دیں تین دن کے لئے پھر ایک ہفتہ کا وقفہ کر کے دوبارہ دیں)

گلا(Throat):

آواز خراب(Hoarse Voice)	کاربو ویج Carbo veg 30 کاسٹیکم Causticum 30 (بدل بدل کردیں صرف دو دن)

➤ سوزش، جلن اور عفونت (Swollen, infected, Burning)

فائٹولیکا Phytolacca 30

کالی آئیوڈائیڈ Kali Iod 30

(بدل بدل کر دیں)

گردن (Neck):

➤ گردن کے مہرے درد اکڑاہٹ (Cervical Spondylosis)

کالوسنتھ Colocynth 30

رسٹاکس Rhus Tox 30

آرسنک البم Arsenic 30

(بدل بدل کر دیں تین دن تک)

➤ گردن کی سختی (Stiff Neck)

مندرجہ بالا دوائیں اسی طرح دیں

چھاتی (Chest):

➤ کھانسی (Cough)

برائی اونیا Bryonia 30

اپیکاک Ipecac 30

(بدل بدل کر دیں) یا

ایکونائٹ Aconite 30

سپونجیا Spongia 30

(بدل بدل کر دیں) یا

برائی اونیا Bryonia 30

امونیم کارب Ammon Carb 30

(بدل بدل کر دیں)

برائی اونیا Bryonia 30

(دو دن تک صبح دوپہر شام)

➤ پسلی کا درد (Pleurisy)

ایکونائٹ Aconite 30

برائی اونیا Bryonia 30

سلفر Sulph 30

(بدل بدل کر دیں)

معدہ اور آنتیں (Stomach & Intestines):

➢ تیزابیت (Acidity)	Pulsatilla 30 پلساٹیلا Acid Sulph 30 ایسڈ سلف (بدل بدل کر دیں)
➢ گیس، بدہضمی (Gastric / Indigestion)	Carbo veg 30 کاربو ویج China 30 چائنا (بدل بدل کر دیں)
➢ پیچش (Dysentery)	Colocynth 3x کالوسنتھ Merc Cor 30 مرک کار (بدل بدل کر دیں)
➢ پتلے دست آئس کریم یا ناموافق پھلوں کی وجہ سے (Loose Stools)	Carbo Veg 30 کاربو ویج China 30 چائنا Arsenic 30 آرسینکم البم Nat Sulph 30 نیٹرم سلف (بدل بدل کر دیں)

پیشاب کے عوارض (Urinary Trouble):

➢ شوگر خون اور پیشاب میں (Sugar in Blood and Urine)	Syzy. Q سائزیجیم Uran. Nit 3x یورینم نائٹریٹ (بدل بدل کر دیں)
➢ پیشاب کرتے وقت جلن (Burning While Urinating)	Cantharis 200 کینتھرس (صرف دو خوراکیں دیں)
➢ پراسٹیٹ غدود کا بڑھنا (Prostate Enlarged)	Sabal Serul. Q سیبل سیرلیوٹا Calc Fluor 30 کلکیریا فلور (بدل بدل کر دیں)

جنسی مسائل(Sex Problems):

➢ نامردی(Impotency)	کاربوویج Carbo Veg 30 لائیکوپوڈیم Lycopodium CM (ایک خوراک دینے کے بعد) کاربوویج Carbo Veg 30 (ایک بار پھر ایک ماہ بعد اسی طرح دیں تین ماہ تک یعنی تین بار)
➢ دوسری مشکلات(Other Difficulties)	سٹافی سیگریا Staphysagria 30 (دو خوراک دن میں صبح شام ایک دن ہفتہ میں ایک بار چار ہفتے تک)

جوڑوں کا درد اور لنگڑی کا درد(Joints Pain & Sciatica):

➢ گھٹنے(Knee)	رسٹاکس Rhus Tox 30 روٹا Ruta 30 کلکیر یا فاس Calc Phos 30 (بدل بدل کر ایک ہفتہ دیں)
➢ لنگڑی کا درد(Sciatica)	کالوسنتھ Colocynth 30 رسٹاکس Rhus Tox 30 آرسینیکم البم Arsenic 30 (بدل بدل کر ایک ہفتہ دیں)
➢ کمر درد(Back Pain)	پلساٹیلا Pulsatilla 30 رسٹاکس Rhus Tox 30 (بدل بدل کر تین دن دیں)
➢ بلند فشار خون(High Blood Pressure) (صرف افاقہ کے لئے)	بیلاڈونا Belladonna 30 گلونائین Glonoine 30 (بدل بدل کر دیں)

➢ کم فشار خون (Low Blood Pressure)
(صرف افاقہ کے لئے)

کریٹگس Crataegus Q
(دن میں دوبار)

بخار (Fever):

➢ فلو (Flu)

برائی اونیا Bryonia 30
نکس وامیکا Nux Vom 3x
(بدل بدل کردیں) یا
بپٹیشیا Baptisia 30
جلسی میم Gelsemium 30
(بدل بدل کردیں)

➢ مسلسل بخار (Continued Fever)

برائی اونیا Bryonia 30
رسٹاکس Rhus Tox 30
(بدل بدل کردیں)

➢ گلے کی خرابی سے مسلسل بخار
(Continued- if throat affected)

رسٹاکس Rhus Tox 30
فائی ٹولیکا Phytolacca 30
(بدل بدل کردیں)

➢ باری کا بخار (Intermittent)

رسٹاکس Rhus Tox 30
آرسینکم البم Arsenic 30
(بدل بدل کردیں پھر)
سلفر Sulph 30
چائنا China 30
آرسینکم البم Arsenic 30
(بدل بدل کر اس وقت دیں جب بخار نہ ہو)

☆ بواسیر کے مسے دور کرنے کے لئے ..... گریفائٹس، کلکیر یا فلور

☆ نزلہ اگر حلق کے اندر گرے ..... ہائیڈراسٹس، کالی بائیکروم

☆ بخار جو گھٹتا بڑھتا رہے پیاس گھونٹ گھونٹ ..... بپٹیشیا، آرسنک (حسنین)

> باری کا بخار ہمراہ جسم میں درد
(Intermittent; much aching)

رسٹاکس Rhus Tox 30 یا
یوپیٹوریم پرفولیٹم Eupat. Perf 30
نیٹرم میور Nat Mur 30
(بدل بدل کر دیں جب بخار نہ ہو)

> اچانک تیز بخار معہ سر درد سے پھٹا جائے
(Sudden high fever with bursting headache)

بیلاڈونا Belladonna 30
کیمومیلا Chamomilla 30
(بدل بدل کر دیں صرف ایک دن)

> اچانک تیز بخار بے آرامی پیاس سرد خشک ہوا کے باعث
(Sudden high fever restless, thirst, due to dry cold wind)

ایکونائٹ Aconite 30
(صرف تین خوراکیں پہلے دن اگلے دن)
سلفر Sulphur 30
(ایک خوراک)

مقعد(Anus):

> بواسیر (Piles)

سلفر Sulph 30
نکس وامیکا Nux. Vom. 3x
(بدل بدل کر دیں) یا
رٹھنیا Ratanhia 6
پی اونیا Peonia 6
(بدل بدل کر دیں)

> زخم(Fissure)

فلورک ایسڈ Fluoric Acid 30
سلیشیا Silicea 30
(بدل بدل کر دیں دو دن تک اس کے بعد ایک ہفتہ کا وقفہ دے کر دو دن دوبارہ اسی طرح دوا دیں چار ہفتے علاج جاری رکھیں)

☆ دنیا کے اندر سب سے بڑا انصاف یہ ہے کہ یہ دنیا گناہ کے متلاشی کو گناہ دیتی ہے اور فضل کے متلاشی کو فضل دیتی ہے۔ (واصفؔ)

> کانچ نکلنا (Prolapsus (Rectum

روٹا Ruta 30

کلکیر یافاس Calc Phos 30

(بدل بدل کردیں)

دورے (Fits):

> مرگی (Epilepsy)

